پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو - کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱۳
شمارہ نمبر ۱۳

پاکستان میں انتخابی شیڈول کا اعلان دسمبر میں

الیکشن کمیشن نے فروری ۱۹۸۵ء میں انتخابات منعقد کرانے کی تیاریاں مکمل کرلیں

انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر کرانے کا فیصلہ

سیاسی لیڈر حصہ نہیں لے سکیں گے

بھارتی طیارہ کے اغوا کا حالیہ واقعہ بھارتی انٹیلی جنس کے ایما پر ہوا تھا

منصوبے کا مقصد کشیدگی میں اضافہ کرنا اور اندرا گاندھی کی انتخابات میں مدد کرنا تھا

ہائی جیکروں کو پاکستان میں پستول فراہم نہیں کیا گیا تھا، پاکستانی ترجمان

موجودہ حکومت قومی حکومت ہے

پیر پگارا کا اعلان

پاکستان میں افغان طیاروں کی بمباری پر اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن کا اظہار تشویش

بمباری کی تحقیقات کرائی جائے - برطانیہ اور اردن کی پیش کردہ قرارداد منظور کرلی گئی



افغان مہاجرین کے تمام گروپوں نے دفاتر پشاور سے منتقل کرلیے

پاکستان نے ایٹمی تنصیبات کی حفاظت کا انتظام کرلیا

دشمن کے طیارے کی فوری طور پر خبر ہو جائے گی

پاکستان میں اسلامی انقلاب کی ضرورت اور اس کا لائحہ عمل

"پاکستان کا مستقبل کیا ہے؟" کے عنوان سے مسلم انسٹی ٹیوٹ لندن نے اگست سنہ ۱۹۸۲ء میں ایک عالمی سیمینار لندن یونیورسٹی میں منعقد کیا۔ اس سیمینار میں پاکستان کے علاوہ کئی دوسرے مسلم ممالک کے علماء اور دانشوروں نے حصہ لیا۔ مسلم انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر پاکستان کے دانشور، صحافی، اور متعدد کتابوں کے مصنف ڈاکٹر کلیم صدیقی نے اس موقع پر یہ خطبۂ صدارت پیش کیا۔

قائد اعظم محمد علی جناح اور آل انڈیا مسلم لیگی قیادت کا ایک یادگار پوسٹ کارڈ مورخہ سنہ ۱۹۴۶ء

پاکستان صرف ایک جغرافیائی خطۂ ارض کا نام نہیں۔ لفظ پاکستان ہر مسلمان کے دل کی دھڑکن کی ترجمانی کرتا ہے۔ دنیا میں پاکستان ہی ایک واحد ملک ہے جو صرف اس لئے بنا کہ اس کو مسلمانوں نے اپنے دینی تشخص کے لئے ضروری سمجھا۔ پاکستان وہ جغرافیائی اور سیاسی جسم ہے جس میں اسلامی طرز حکومت کی روح کو داخل ہونا تھا۔ لیکن مسلم لیگ کے لیڈر جیسے ہی ... پاکستان بنا، لادینی (secular) قومیت کے نظریہ کے حامی تھے۔ یہ لیڈر مغربی تہذیب کے زیر اثر صرف لادینی سیاست کو جانتے اور سمجھتے تھے اور اسلامی حکومت کا کوئی واضح تصور نہ رکھتے تھے۔ لیکن ہندوستان کے مسلمان عوام کو یہ یقین تھا کہ پاکستان میں ایک اسلامی مملکت قائم ہوگی۔ پاکستان کے حکمران طبقہ اور عوام میں یہ تضاد کبھی ختم نہیں ہوا۔ آج ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ لیڈرشپ کی لادینیت اور عوام کے دینی رجحانات میں یکجائی پیدا کی جائے۔ یہ سیمینار صرف ان مسلمانوں کے لئے ہے جن کو یقین ہے کہ پاکستان کے وجود میں آنے کا صرف ایک ہی مقصد تھا کہ پاکستان میں ... کے بتائے ہوئے طریقے پر ایک اسلامی حکومت قائم کی جائے گی۔ اس سیمینار کے شرکاء میں صرف وہی لوگ ہیں جو ... پاکستان کی تمام مشکلات ...

[illegible]

باقی صفحہ ۲ پر

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

ہم سب ایک ہیں

معاصر عزیز "الامۃ" مونٹریال نے اپنے ایک اداریہ "مسلمان کون" میں تحریر کیا ہے کہ:

"...اہل تشیع اور اہل سنت کے تمام بڑے فرقوں کا اعتقاد ایک اللہ، ایک رسول اور ایک قرآن پر ہے۔ یہ فرقے ایک ہی اُمت کا حصہ ہیں۔ ان فرقوں کے علمائے دین کی اکثریت نے بھی اُمت واحدہ کی تائید کی ہے تو پھر کیوں نہ ہم اسلام میں ایک دوسرے کو بھائی سمجھیں۔ اور خاص طور پر جیسے کسی ایک فرقہ کے امام کے پیچھے نماز پڑھنے میں حرج محسوس نہیں ہونا چاہیئے..."

"الامۃ" کے ان صلح پسند جذبات کو بنیاد بنا کر مونٹریال ہی کے ایک اور ماہنامہ "اپنا وطن" نے "ضروری وضاحت" کے عنوان سے ایک اداریہ لکھا ہے جس میں فقہ جعفریہ کے خلاف ایسے شر انگیز بہتانوں کا اعادہ کیا ہے جن سے اُمت واحدہ میں تفرقہ اور اضطراب کے سوا ہی مقصود ہو سکتا ہے اور کچھ نہیں۔ اسی اداریہ کے آخر میں حکومت پاکستان کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ قادیانیوں کی طرح اہل تشیع کو بھی اسلامی حدود سے خارج کر دے۔ اس ماہنامے کے ایڈیٹر اسلامک سنٹر آف کیوبک کی مجلس شوریٰ کے رکن بھی ہیں۔

شمالی امریکہ کے اکثر اسلامی مراکز اور ایسی مساجد جن کی دیکھ بھال کے لیے غیر ملکی پیسہ اور خاص طور پر عرب ممالک سے امداد حاصل کی جاتی ہے وہاں اسلام کے دوسرے بڑے فرقے کے خلاف گمراہ کن اور شر انگیز مواد کھلم کھلا تقسیم ہوتا ہے۔ ان تعصب بھری تحریروں کو پڑھ کر کئی سادہ لوح مسلمان برافروختہ ہو جاتے ہیں اور تفرقہ کا باعث بنتے ہیں۔ حالانکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا حکم ہے:

"...اور تفرقہ مت پھیلاؤ..." (سورۂ آل عمران نمبر ۱۰۳)

اس طرح ہم اپنی نا سمجھی میں یا اصول الانام نہاد علمائے دین کی باتوں میں آ کر اللہ عزوجل کے حکم کی منافی کرتے ہیں اور اپنی عاقبت خراب کرتے ہیں۔ اس پر ستم ظریفی یہ ہے کہ اسلام دشمن طاقتیں ہمارے تفرقے سے فائدہ اٹھاتی ہیں۔

ہمیں چاہیئے کہ بلا امتیاز و تعصب اپنے اسلاف اور مختلف مکاتیب فکر کا مطالعہ کریں۔ پھر یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ ہم سب مسلمان ایک ہی تسبیح کے دانے ہیں، ایک ہی اُمت کے افراد ہیں۔ ہمارا خدا ایک، رسول ایک، کتاب ایک اور ایمان ایک ہے۔ کیوں نہ ہم اختلافات کو ہوا دینے کی بجائے اسلامی رشتہ کو جوڑنے کی کوشش کریں؟ اختلافات تو عہد صحابہ میں بھی موجود تھے۔ جیسے اکثر صحابہ کرام جسمانی معراج کے قائل تھے لیکن اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ روحانی معراج کو مانتی تھیں۔ امام حضرت علیؓ، سیدنا عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ کے نزدیک فجر کی نماز میں قنوت پڑھنا چاہیئے لیکن حضرت ابو مالک اشجعیؓ کہتے تھے کہ نہیں۔ الغرض یہ اور بہت سے اختلافات تھے جو خود صحابہ کے زمانے میں موجود تھے۔ مگر کیا ان کی بنیاد پر کسی نے کسی کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا یا نمازیں اور مسجدیں الگ الگ کیں؟

اسلام کے اولین دور میں بھی شیعہ موجود تھے۔ حضرات سلمان فارسیؓ اور ابوذر غفاریؓ جیسے جلیل القدر صحابی اپنے آپ کو شیعان علیؓ کہتے تھے۔ آئمہ اربعہ حضرات ابو حنیفہؒ، مالکؒ، شافعیؒ اور حنبلؒ کے دور میں بھی شیعہ موجود تھے (بلکہ امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ کو امام حضرت باقرؓ اور امام حضرت جعفر صادقؓ کی شاگردی کا شرف بھی حاصل تھا) لیکن کسی امام نے انھیں اسلامی حدود سے خارج نہیں کیا تو کیا آج کے ملاؤں اور نام نہاد علماء ان حضرات سے علم میں بڑھ کر ہیں؟

حقیقت یہ ہے کہ سبھی مسلمان سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مانتے ہیں اور سبھی مسلمان اہلبیت سے محبت رکھتے ہیں اور اپنی نمازوں میں ان پر درود و سلام بھیجتے ہیں ——— الغرض ہم سب ایک ہیں۔

"بیشک (اے مسلمانو) آپ کی اُمت اُمت واحدہ ہے..." (سورۃ المومنون نمبر ۵۲)

[illegible]

جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل ہوئے ہیں انھیں مردہ نہ سمجھو وہ تو حقیقت میں زندہ ہیں اپنے رب کے پاس رزق پا رہے ہیں، جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے انھیں دیا ہے اس پر خوش و خرم ہیں اور مطمئن ہیں کہ جو اہل ایمان ان کے پیچھے دنیا میں رہ گئے ہیں اور ابھی وہاں نہیں پہنچے ہیں ان کے لئے بھی کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں ہے۔ (آل عمران: ۱۶۹، ۱۷۰)

القرآن

جنت تلواروں کے سائے تلے ہے

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بعض ایام میں جن میں آپ کا دشمن سے سامنا ہوا تھا کچھ دیر انتظار فرمایا یہاں تک جب سورج ڈھل گیا تو آپ مسلمانوں کے درمیان کھڑے ہوگئے اور خطاب فرمایا: "لوگو! دشمن سے مڈبھیڑ ہونے کی تمنا نہ کرو اور اللہ سے عافیت چاہو اور جب مقابلہ شروع ہو جائے تو ثابت قدم رہو اور جان لو کہ جنت تلواروں کے سایہ تلے ہے۔" (بخاری، مسلم)

السنۃ

توڑ دی جس نے قطرے نے گمِ تیغ و گلوئے دلگیر

زندہ تحریریں

شہید اعظم

حضرت امام حسینؓ اہل بیت کے قبلہ اور سردار ہیں۔ تمام اہل طریقت ان کے حال کی درستی پر متفق ہیں۔ اس لئے کہ جب تک حق ظاہر رہا آپ اس کے پیرو اور متبع رہے اور جب حق گم ہوا تو آپ نے تلوار نکال لی۔ اور جب تک شہادت حق کے لئے جان و مال اور اولاد سب کچھ قربان نہ کر دیا چین نہ لیا۔ طریقِ حق کے سلسلے میں حضرت حسینؓ کا کلام بہت ہے۔ آپ کا ارشاد ہے: "تیرے بھائیوں سے بہتر تیرا دین ہے۔ [illegible]" [illegible]

(کشف المحجوب)

[illegible] امام حسینؓ کی شہادت تاریخ اسلام کی وہ خونچکاں ہے جو بظاہر [illegible] حقیقت میں [illegible] ہے۔ لیکن سید الشہداء کی یہ قربانی اپنی ذات کے لئے نہ تھی بلکہ اصلاح عقیدہ کے لئے [illegible] حق کی [illegible] اسلام پر [illegible] امام حسینؓ کا یہ جہاد [illegible] شہادت [illegible]

سید الشہداء نے جب دیکھا کہ [illegible] اسلام کا [illegible] تو آپ نے [illegible] کی [illegible] [illegible]

نگہبان

[illegible]

وہ مسلمان [illegible]

"[illegible] سرِ عہد کا [illegible]"
"[illegible] زاد کو [illegible] ہوں"
"[illegible]"
"[illegible]"

یہ وہ فرعون ہیں جو خدائی کا دعویٰ نہیں کرتے۔ چنانچہ دشمنوں نے اپنے انداز بدل کر [illegible] اور یزیدی ملوکیت [illegible] علامہ اقبال نے کیا خوب کہا تھا:

خدا وندے نہیں تو اللہ ملا دیتے ہیں

حق و انصاف کی [illegible]

جالی [illegible] سے انکار کر دیتے ہیں اسلام کی اپنی مفاد پرستانہ تشریح کرتے ہیں۔ وہ اپنے مفاد کی حفاظت کے لئے [illegible] استعمال کرتے ہیں اور ظاہر یہ کرتے ہیں کہ وہ اسلام کی خدمت کر رہے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جنھوں نے قتل حسینؓ کو مرگ یزید بنا دیا۔ یہی لوگ ہیں جنھوں نے کربلا کے بعد اسلام کو زندہ نہیں رہنے دیا۔ یہی لوگ ہیں جو حسینؓ کے نعرے لگا رہے ہیں [illegible] دوسروں کو [illegible] رہتے ہیں۔

حسینؓ کا کہنا ہے مورخ سے

ایک شاعر نے کہا کہ

"حسینؓ کا کہنا ہے مورخ سے
قطرے نے [illegible] تیغ اور گلو دیکھ"

لیکن حسینؓ کے صبر کی انتہا نظر آتی ہے اور [illegible] مشہور ہے اور اس روایت پر بہت کم توجہ دی گئی۔ اس سے بیشتر ستم کی تیغ اور انصاف کی گردن کو دیکھنے کی بجائے لہو کے قطرے گنے میں مصروف رہے۔ [illegible]

"قتل حسینؓ اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد"

مگر یزید قتل حسینؓ کے بعد بھی زندہ رہا اور کربلا کے میدان میں نواسہ رسول کے خون کی آبیاری سے اسلام کو وہ شوکت اور وہ طاقت نہ دے سکی جس کا وہ مستحق تھا۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ حضرت امام حسینؓ کی شہادت کے بعد ستم کی تیغ ہمیشہ کے لئے ٹوٹ جاتی اور پھر کبھی انصاف کی گردن اس کی زد میں نہ آ سکتی۔ ظلم ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا اور حق و انصاف کو دائمی فتح نصیب ہوتی مگر ایسا نہیں ہوا۔ ایسا کیوں نہیں ہوا؟ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ہم نے تیغ ستم اور گلوئے انصاف پر توجہ دینے کی بجائے خون حسینؓ کے قطرے گنے [illegible] اور بس۔ [illegible] اگر ایسا کیا جاتا تو قتل حسینؓ کے بعد یزید کسی بھی شکل اور کسی بھی صورت کسی بھی لبادے اور کسی بھی بہروپ میں زندہ نہیں رہ سکتا تھا۔

ظلم و ستم اور بے انصافیوں کے زندہ رہنے اور انصاف اور حق کے گلے کٹنے کی وجہ دوسری وجہ علامہ اقبال نے یوں بتائی ہے کہ

"بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی"

کوفی اور شامی اپنے انداز کبھی خوف اللہ کو رکھتے ہیں اور کبھی مصلحتوں کے لبادے اوڑھ کر تبدیل کرتے ہیں کبھی کسی لالچ میں آ جاتے [illegible]

حسینؓ

(ڈاکٹر مراد آبادی)

جس نے اپنے خون کی کر دی حفاظت وہ حسینؓ
جس نے ہنس کر پی لیا جام شہادت وہ حسینؓ
جو کمال بے کسی میں بیت پہ سر دے دیا وہ حسینؓ
زندگی بھی آگ کے شعلوں پہ سو یا وہ حسینؓ
جس نے اپنے خون سے عالم کو دھو یا وہ حسینؓ
جس نے سب کچھ لٹا کے بھی ذکر یا وہ حسینؓ

خواتین

سلطوت

ایک آپ بیتی، جو سوچ کے در یچے وا کرتی ہے

"انسان درحقیقت خسارے میں رہتا ہے سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے، انہوں نے عمل اچھے کئے اور باہم حق اور صبر کی وصیت کرتے رہے۔ اس امر پر خود تاریخ شاہد ہے"
(العصر)

جب میں نے پہلی مرتبہ دوست محمد کو پہلے کے پاس دیکھا تھا تو اس کا بھانجا محمد امین بھی اس کے ہمراہ تھا جس کی عمر اس وقت بمشکل پانچ چھ سال ہوگی وہ اپنے دیدہ زیب اور باوقار ماموں کی انگلی پکڑے خوبصورت انداز میں ٹھمکتا چلا آ رہا تھا۔

دوست محمد کی وفات کے بعد محمد امین اس کا حقیقی جانشین بنا کیونکہ اس بیچ بھی وہی رنامولاخیر کی خواہش پیش کرتا رہا۔ محمد امین کا والد بے حد نیک اور پارسا انسان تھا لیکن وہ اپنے صاحب جلال و جمال ماموں کے نقش قدم پر چل نکلا۔ اس نے قانون کا امتحان تو پاس کر لیا مگر وہ کامیاب وکیل نہ بن سکا کیونکہ دوست محمد والی صفات اس میں مفقود تھیں۔ اس نے اپنے ارد گرد وجاہت اور طالم قسم کے انسان اکٹھے کر لئے۔ میں نے تحریک پاکستان کے ایک تبلیغی کیمپ کے موقع پر بازار میں اس کی جھلک دیکھی ...

[illegible]

"تو نہیں جانتے ہے، یہ بھتے بڑا بکیل ہے"

[illegible]

۱۹۵۵ء کی بات ہے۔ پرسات کی ایک شام تھی ... [illegible]

جنوب کی طرف سے ایک اجنبی نوجوان ... [illegible]

جری نوجوان ہے ... [illegible]

میں جب بھی
ہوش میں آتا ہوں
مجھے یوں لگتا ہے، کوئی مجھ پر
فائر کرنے والا ہے

[illegible]

معاشرتی اقدار اور پاکستانی لڑکیاں

تحریر: آمنہ منظور

[illegible]

شعر و ادب

[illegible]

جدہ - راولپنڈی - لاہور - لندن - بمبئی - دہلی - ڈھاکہ

ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے

ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL

1240 BAY STREET
TORONTO ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8348 / 960-8475

شہسوارِ کربلا

حفیظ جالندھری

لباس ہے پھٹا ہوا　　غبار میں اَٹا ہوا
تمام جسمِ نازنیں　　چھدا ہوا کٹا ہوا
یہ کون ذی وقار ہے　　بلا کا شہسوار ہے
کہ ہے ہزاروں قاتلوں کے سامنے ڈٹا ہوا
یہ بالیقیں حسینؑ ہے
نبیؐ کا نورِ عین ہے

یہ جس کی ایک ضرب سے　　کمالِ فنِ حرب سے
کئی شقی گرے ہوئے　　تڑپ رہے ہیں کرب سے
غضب ہے تیغِ دوسَر　　کہ ایک ایک وار پر
اٹھی صدائے الاماں زبانِ شرق و غرب سے
یہ بالیقیں حسینؑ ہے
نبیؐ کا نورِ عین ہے

یہ مردِ حق پرست ہے　　مئے رضا سے مست ہے
کہ جس کے سامنے کوئی　　بلند ہے نہ پست ہے
اُدھر ہزار گھات ہے　　مگر عجیب بات ہے
کہ ایک سے ہزار کا بھی حوصلہ شکست ہے
یہ بالیقیں حسینؑ ہے
نبیؐ کا نورِ عین ہے

عبا بھی تار تار ہے　　یہ جسم بھی فگار ہے
زمین بھی تپی ہوئی　　فلک بھی شعلہ بار ہے
مگر یہ مردِ تیغ زن　　یہ صف شکن فلک فگن
کمالِ صبر و تن دہی سے محوِ کارزار ہے
یہ بالیقیں حسینؑ ہے
نبیؐ کا نورِ عین ہے

دلاوری میں فرد ہے　　بڑا ہی شیر مرد ہے
کہ جس کے دبدبے سے　　دشمنوں کا رنگ زرد ہے
حبیبِ مصطفیٰؐ ہے یہ　　مجاہدِ خدا ہے یہ
جبھی تو اس کے سامنے یہ فوج گرد گرد ہے
یہ بالیقیں حسینؑ ہے
نبیؐ کا نورِ عین ہے

اُدھر سپاہِ شام ہے　　ہزار انتظام ہے
اُدھر ہیں دشمنانِ دیں　　اِدھر فقط امام ہے
مگر عجیب شان ہے　　غضب کی آن بان ہے
کہ جس طرف اٹھی ہے تیغ بس خدا کا نام ہے
یہ بالیقیں حسینؑ ہے
نبیؐ کا نورِ عین ہے

اے کربلا کی خاک اِس احسان کو نہ بھول
تڑپی ہے تجھ پہ لاشِ جگر گوشۂ بتولؑ
اسلام کے لہو سے تری پیاس بجھ گئی
سیراب کر گیا تجھے خونِ رگِ رسولؐ

[illegible]

سانحۂ کربلا
نئے اور پرانے اردو شعراء کی نظر میں

تحریر: کوثر رضوی

[illegible] مرثیہ [illegible] واقعۂ کربلا کے بعد مرثیہ گوئی کا [illegible] ... اس طرح غم حسینؑ نے ذکرِ آزادی کا [illegible] ... مرثیہ جنوبی ہندوستان میں پھلا پھولا لیکن مختلف ادوار میں مختلف مراحل سے گزرتا ہوا جب لکھنؤ پہنچا تو اس نے باقاعدہ مرثیہ کی صورت اختیار کی۔ میر انیس اور مرزا دبیر جیسے عظیم المرتبت شاعروں نے سانحۂ کربلا کو دلکش پیرائے میں بیان کیا ہے۔ [illegible]

قدرت کا قانون یہی ہے کہ [illegible] ... حضرت امام حسینؑ [illegible]

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؑ

حضرت امام حسینؑ [illegible] ... فرمایا تھا:

[illegible]

ڈاکٹر اقبال فرماتے ہیں:

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم
نہایت اس کی حسینؑ ابتدا ہے اسماعیلؑ

[illegible]

[illegible]

مرزا دبیر کا مرثیہ بے نقط

اُردو زبان کے بلند پایہ مرثیہ گو مرزا دبیر کے ایک نایاب مرثیہ بے نقط کے چند بند ذیل میں پیش کیے جا رہے ہیں۔ جیسی دستیاب یہ مرثیہ [illegible] ہے جس کے کسی مصرعے میں بھی کوئی لفظ ایسا استعمال نہیں ہوا ہے جس میں کسی نقطہ کی ضرورت ہو۔ اس کے باوجود شعر کا کسی پہلو میں کوئی فرق نہیں آیا ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

[illegible] وار آہ امام اُمم گرا
[illegible] سرور والا حرم گرا
[illegible] رسول و ماہِ [illegible] گرا
[illegible] کا [illegible] گرا
دردا اُدھر وہ سرورِ والا گہر گرا
[illegible] رسول دو عالم اِدھر گرا

[illegible] آہ اُدھر اور اُدھر چڑھا
[illegible] آہ [illegible] معصوم کا گلہ
[illegible] سروِ [illegible]
[illegible] امام گرا
[illegible] اِدھر [illegible]
[illegible] امام ہلاک ہوا [illegible]

[illegible] مدعا [illegible] امام کو
رو کر کہا کہ [illegible] حرم کو دلاسا دو
اللہ کا [illegible] آسرا اور آہ کم کرو
سر کو [illegible] معصوم [illegible]
دل کو ملال ہوگا اُدھر [illegible]
سرور ملال ہوگا اُدھر [illegible]

لو اہلِ [illegible] امام دو عالم ہوا ہلاک
رو لو کہ وہ امامِ مکرم ہوا ہلاک
[illegible] آدم ہوا ہلاک
اللہ کہہ کے آہ وہ [illegible] ہوا ہلاک
[illegible] اُدھر سرِ اہلِ حرم [illegible]
اور سر اُدھر امام اُمم کا [illegible]

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے:
ADVERTISEMENT NO.....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

اشتہار نمبر(۱): ٹورانٹو میں اپنے خاندان کے ساتھ مقیم خوش شکل، خوش مزاج سرکاری ملازمت پر فائز ۲۷ سالہ لڑکی کے لیے کینیڈا میں موجود، شریف الطبع، تعلیم یافتہ اور اُردو بولنے والے گھرانے کے لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔

اشتہار نمبر(۲): کراچی کے پنجابی گھرانے کی ۱۹ سالہ قبول صورت، با اخلاق اور ٹورانٹو میں رہائش پذیر لڑکی کے لیے موزوں رشتہ مطلوب ہے۔

اشتہار نمبر(۳): یو۔پی کے گھرانے سے تعلق رکھنے والی تعلیم یافتہ، سلیقہ مند اور سمجھدار ۳۲ سالہ مطلقہ خاتون، مقیم ٹورانٹو کے لیے مناسب عمر کے شریف النفس شخص کا رشتہ درکار ہے۔

اشتہار نمبر(۴): بمبئی سے تعلق رکھنے والے امریکہ میں رہائش پذیر ۲۷ سالہ اکاؤنٹنٹ لڑکے کے لیے کینیڈا کی امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

اشتہار نمبر(۵): ہندوستان کے معروف گھرانے سے تعلق رکھنے والے ۳۲ سالہ تعلیم یافتہ، شریف الطبع، معقول ملازمت پر فائز امیگرنٹ لڑکے کے لیے کینیڈا میں موجود مسلمان گھرانے کی سنجیدہ اور سمجھدار لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔

اشتہار نمبر(۶): پنجاب کے نامور گھرانے سے تعلق رکھنے والے ۳۷ سالہ انجینئر مقیم ٹورانٹو کے لیے تعلیم یافتہ، خوش شکل اور نیک اطوار لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

اشتہار نمبر(۷): انگلینڈ میں اپنے والدین کے ساتھ سکونت پذیر، قبول صورت، سلیقہ شعار، امور خانہ داری میں ماہر اور پڑھی لکھی ۲۱ سالہ پنجابی لڑکی کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔

SHIBLEE CANADA
Offset/Letterpress
PRINTING
Office/School
STATIONARY
Audio/Video & Phone
ACCESSORIES
Fabrics/Ready made Pakistani
LADIES GARMENTS
SEWING (for ladies) AVAILABLE
Mon — Sat 10am-6pm
SHIBLEE CANADA
988 Danforth Ave (at Donlands)
Toronto, Ont. M4J 1L9
(416) 465-9726

بھارتی جیگوار طیاروں کے دو اسکواڈرن نامعلوم مقام پر پہنچا دیے گئے

پاکستان کی ایٹمی تنصیبات پر حملے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے [illegible]

پاکستان اور بھارت نے وادی سیاچن کے قریب فوجی قوت بڑھادی

[illegible]

پاکستان پر بھارت کے ممکنہ حملہ کی خبر سے ملک بھر میں تشویش کی لہر

بھارت خود ایٹمی دھماکہ کر چکا ہے لیکن اپنے ہمسایوں کو اس کے پُرامن استعمال سے روکنا چاہتا ہے

[illegible]

آسٹریلیا پاکستان کو ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا

ایاز محمود نے بنالٹی اسٹروک پاہر پھینک کر برابر کرنے کا موقع ضائع کر دیا۔ بھارت نے ملائیشیا کو ہرا دیا

[illegible]

۲۲ کلاشنکوف رائفلیں ۲ پستول اور بڑی مقدار میں کارتوس شامل ہیں

[illegible]

کرکٹ کی قومی سلیکشن کمیٹی نے ۴۳ کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کر دیا

[illegible]

انتخابات کے انعقاد پر اختلاف رائے

[illegible]

اسلامی اقدار کے حامل اخلاقی و معیاری رشتوں کے خواہش مند ذیل کے پتہ پر اعتماد کے ساتھ لکھیں۔ (خدمات فی سبیل اللہ ہیں)

Br. Hasan,
P.O. Box 503,
Station 'A',
Toronto, Ont.
M5W 1E4

بی ڈی چوہدری انتقال کر گئے

[illegible]

سردار شیر باز مزاری نے کالعدم این ڈی پی کی صدارت سے استعفیٰ دیدیا

[illegible]

شکیل احمد پٹھان کو رہا کر دیا گیا

[illegible]

انتقالِ پُر ملال

یہ خبر انتہائی افسوس کے ساتھ سُنی جائے گی کہ ادارہ "کریسنٹ" اور "الہلال" کے قدیم رفیقِ کار جناب سلطان حسن خان کی جواں سال دختر صوفیہ صبا چھ ماہ کی علالت کے بعد ۱۰ ستمبر ۱۹۸۸ء کی صبح ٹورانٹو کے ویلزلی ہسپتال میں رحلت پا گئیں۔
انا للہ و انا الیہ راجعون۔
ادارہ اللہ تعالیٰ سے دُعاگو ہے کہ وہ مرحومہ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور غمزدہ خاندان کو اس صدمہ کی برداشت کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

مجالسِ محرم

ٹورانٹو کے محمدی اسلامک سنٹر میں مجالسِ محرم کا آغاز ۲۶ ستمبر کی شب سے ہو رہا ہے۔ ہندوستان سے آئے ہوئے مہمان ذاکر جناب فیروز حیدر صاحب عزاداروں سے خطاب کریں گے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:
299-5052

بین الاقوامی کھانوں کا میلہ

ٹورانٹو کے اسلامک فاؤنڈیشن سنٹر کے منصوبے کو عملی صورت دینے میں امداد کے لیے ۱۶ اکتوبر بروز اتوار کو سینٹ بیسل کا لجیٹ انسٹی ٹیوٹ واقع 2450 برچ ماؤنٹ روڈ پر صبح ۱۱ سے شام ۵ بجے تک ایک بازار لگایا جائے گا جس میں مختلف ملک کے کھانے اور اشیاء فروخت کی جائیں گی۔ عطیات میں تیار کھانوں کے علاوہ دوسری اشیاء بھی دی جا سکتی ہیں۔
مزید معلومات کے لیے زبیدہ شفیع اللہ کو فون کیجیے:
493-8883 OR 447-6131

ایک نیا پروگرام

ساؤتھ ایشیاء کے اُن تمام مرد اور خواتین کے لیے، جو اپنی قدیم تہذیب سے متعلق کوئی ہنر یا دستکاری جانتے ہوں، ایک پروگرام CULTURAL INTERACTION THROUGH EMPLOYMENT کے نام سے شروع کیا گیا ہے، جس کا مقصد آپ میں چھپے ہوئے ہنر سے آپکو فائدہ پہنچانا ہے اور کینیڈا کے ثقافتی رابطے کو تقویت دینا ہے۔ آپ کی زبان جاننے والے کارکن آپ کی مدد کے لیے تیار ہیں۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے
288-0687

• حلال گوشت • حلال مرغیاں
اور تازہ ترین سبزیاں ہر روز حاصل کر سکتے ہیں
الفلاح
ALFALAH GROCER
2783 Dundas St. West
Toronto, Tel. 762-1633

New Store In
SCARBOROUGH
3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت۔ تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN

2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

لاکھوں فلسطینیوں کو لاطینی امریکہ منتقل کرنے کا منصوبہ

یاسر عرفات نے امریکی سازش کی تفصیلات کا انکشاف کر دیا

بعض عرب ممالک پی ایل او کو اپنے معمولی مفادات کا تابع بنانا چاہتے ہیں

بیت المقدس کے وزیر تعلیم کے پاس جعلی ڈگری ہے

افغانستان کی نصف آبادی اپنے گھر چھوڑنے پر مجبور ہو چکی ہے

۵۰ لاکھ نے ملک میں ہی نقل مکانی کی۔ ۳۰ لاکھ نے ملک سے ہجرت کی اور ۵ لاکھ ہلاک و زخمی ہو چکے ہیں

ملتان کا مشہور ریکارڈ کیس ختم کر دیا گیا

You don't have to rely on the western media any more......

Read.....

Newsmagazine of the Islamic movement
Crescent
INTERNATIONAL

The most authoritative Voice in Islamic Journalism

Who reads the Crescent International ?
Academics, Students, Journalists, Political figures and Decision-makers. In particular:

- 57 percent are professionals
- 81 percent are university graduates
- 67 percent have travelled abroad frequently
- 95 percent know two languages
- 35 percent know more than two languages



Subscribe before OCTOBER 30 and get a
FREE PARKER PEN
with this coupon

SUBSCRIPTION RATES: **$20/Year** or **$35/Two Years**

Name: ....

Address: ....

Phone: ....

Crescent International, 300 Steelcase Rd. West, Unit 8, Markham, Ont. L3R 2W2 Ph: 474-9292

Letter to the Editor

A question of Shari'ah

Dear Brother,
I was surprised to read the news, published in *Al-Hilal* dated July 10, 1984 about the family affairs of Mr Mohammad Husain.

I could not believe that Brigadier, Dr. G.D. Qazi would interfere in the married life of his daughter and despite the fact that she is married to Mr Husain, Dr. Qazi is looking for another husband for his married daughter.

From the prevailing situation, it would appear as if Dr. Qazi is a Muslim by name only and is doing business with the life of his daughter. Parents try to help and save married lives of their children in all circumstances and never try to destroy them. I wonder why Dr. Qazi is behaving otherwise.

Sincerely yours
Mohammad Haroon
Houston, TX, US

fortnightly **al-Hilal** Vol.13 No.13 September 25, 1984 50 ¢
Ph: (416) 474-9292, 493-4374
338 Hollyberry Trail Willowdale Ont. Canada M2H 2P6

حیدرآباد دکن میں کرفیو اٹھتے ہی مسلم کش فساد ۷ افراد ہلاک

ہندو بلوائیوں نے مسلمانوں کی املاک پر حملہ کر دیا۔ شہر میں لوٹ مار، درجنوں افراد بھی زخمی ہوئے۔ صورتحال سنگین

بھیونڈی میں بے گناہ مسلمانوں کے قتل عام کے بعد ان کی لاشیں بمبئی کے ایک ہسپتال کے باہر پڑی مسلمان عالم کی غیرت کو للکار رہی تھیں

بلوائیوں کو منتشر کرنے کیلئے پولیس کی کئی بار فائرنگ

پڑوسی صوبوں سے مزید فوجی دستے طلب کر لئے گئے

[illegible]

مقبوضہ کشمیر میں پاکستانی پرچم لہرائے جانے کی تحقیقات

ریاستی حکومت نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو حرکت میں لا دیا

[illegible]

[illegible]

بھارت کے معاندانہ رویے کے باوجود پاکستان اچھے تعلقات کا عزم رکھتا ہے: صدر ضیاء

کیا معقولیت ترک کر کے اسی انداز میں جوابی کارروائی کرنا مناسب ہوگا؟

کشمیر کی سرحد کے حالیہ واقعات افسوسناک ہیں، بھارت سے مثبت پالیسی کی توقع ہے

[illegible]

پاکستان میں سیاحت کے فروغ کا منصوبہ بنایا جا رہا ہے

[illegible]

بھارت میں گجرات کا ساحل سمگلروں کی جنت بن چکا ہے

[illegible]

امریکہ کا زیر زمین ایٹمی دھماکہ

[illegible]

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

ٹورانٹو (کینیڈا)

الہلال

سالانہ زر خریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے کریسنٹ) ۲۰ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر

Name ....
Address ....
Postal Code .... Telephone ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Wilowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کے بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے →

Managing Editor: **M. Lateef Owaisi**